لاس اینجلس (امریکہ) سے بدھسٹ کمیونٹی سے تعلق رکھنے والا وفد کی ملاقات

اس کے بعد لاس اینجلس (امریکہ) سے بدھسٹ کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ملاقات کی سعادت پائی۔

لاس اینجلس امریکہ سے بُدھ مت کی شاخ Compassionate Service Soceity (CSS) کا 21 ممبران پر مشتمل وفد جلسہ میں شرکت کے لئے آیا تھا۔

☆ اس تنظیم کے فاؤنڈر اور پریذیڈنٹ Nhan Khac Le نے سب سے پہلے اپنے ممبران کا تعارف کروایا۔ اس وفد میں ڈاکٹر، ٹیچرز، انجینئرز، جرنلسٹس اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد موجود تھے۔

☆ وفد کے لیڈر اور پریذیڈنٹ Nhan Khac Le نے حضور انور کی خدمت میں عرض کیا کہ جب سے میرا احمدی احباب کے ساتھ رابطہ ہوا ہے تو میں نے پہلی دفعہ اسلامی دعائیں پڑھی ہیں۔ اسلام کی بنیاد محبت اور امن پر ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ ہمارا تعلق احمدیوں سے بن گیا ہے۔ ہم نے احمدیوں میں صرف محبت اور پیار ہی دیکھا ہے۔ جس طرح یہاں ہمارا خیال رکھا گیا ہے ہم بتا نہیں سکتے۔

موصوف نے کہا:۔ بہت منظم جلسہ ہے۔ اطاعت کا اعلیٰ معیار ہے۔ سب لوگ، رضا کار طوعی کام کر رہے ہیں اور خدمت کے جذبہ سے سرشار ہیں۔ یہ سب حضور انور کی وجہ سے ہے۔ اب ہم امریکہ جا کر لوگوں کو خلافتِ احمدیہ کے بارہ میں بتائیں گے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

اس دنیا میں یہ ضروری ہے کہ ہم انسانیت کی قدر کریں اور اسی وجہ سے ہم نے اپنی انسانیت کی خدمت کرنے والے ادارہ کا نام 'ہیومینٹی فرسٹ' رکھا ہوا ہے۔

موصوف نے کہا کہ: حضور بالکل سیدھی اور صاف بات کرتے ہیں اور بڑے نرم دل اور مہربان ہیں۔ ہماری خواہش ہے کہ حضور انور امریکہ آئیں اور وہاں آکر ہماری رہنمائی کریں اور بدھسٹ لوگوں سے ملیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

ہم حضرت بُدھ علیہ السلام کو خدا کا ایک نبی سمجھتے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے وفد کے لیڈر اور پریذیڈنٹ سے بدھ ازم کے مختلف فرقوں اور ان میں فرق اور ان کی مختلف کمیونٹیز کے حوالہ سے دریافت فرمایا۔

ملاقات کے آخر پر اس وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں ایک تحفہ پیش کیا اور بتایا کہ یہ سوونیئر پندرہ سو سال پرانی لکڑی سے بنا ہوا ہے اور بڑا خاص ہے۔

☆ اس تنظیم کے Founder اور پریذیڈنٹ Nhan khac Le صاحب نے بتایا:

جلسہ کے موقع پر رضا کاروں نے جس طرح 38 ہزار افراد کی خدمت کی وہ قابل تعریف ہے۔ میں یہاں سے ایک مثبت اور ایمان افروز توانائی لے کر لوٹ رہا ہوں۔ امام جماعت احمدیہ دورِ حاضر کے عظیم الشان مذہبی رہنما ہیں۔

☆ اس وفد کی ایک ممبر Naoko Nakajima صاحبہ نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا:

میں جماعت احمدیہ کی مہمان نوازی سے بہت متاثر ہوں۔ انسانی حقوق کے لئے جماعت احمدیہ کی طرف سے کی جانے والی کاوشیں، بالخصوص ان جگہوں پر جہاں قدرتی آفات آئی ہیں قابل تعریف ہیں۔ اسی طرح جماعت احمدیہ کی تعلیمی میدان میں خدمات قابل تعریف ہیں۔

☆ وفد کی ایک خاتون Kim Hanh Thi Le صاحبہ جو کہ ایک Event reporter ہیں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا؛

اس طرح کے جلسہ میں میرا یہ پہلا تجربہ تھا۔ Caligraphy اور عربی زبان کی تاریخ پر پریزنٹیشن مجھے بہت اچھی اور معلوماتی لگی۔

☆ اس وفد کی ایک ممبر Judy Nguyen صاحبہ نے کہا:

میرے لئے یہ جلسہ ایک حیرت انگیز تجربہ تھا۔ جوان اور بڑے لوگوں کا لگن کے ساتھ بے لوث ہو کر رضا کارانہ خدمت کرنا ایک ناقابل یقین امر ہے۔

☆ وفد کے ممبر Minh Tam Nelson جو کہ ایونٹ رپورٹر کے طور پر وفد میں شامل تھے انہوں نے کہا:

جلسہ سالانہ میں شمولیت میرے لئے بہت خوش قسمتی کی بات ہے۔ جس طرح رضا کاروں نے ہماری خدمت اور ہماری ہر ضرورت کا خیال رکھا وہ بہت ہی اعلیٰ اور اثر انگیز تھا۔ سب سے بڑھ کر امام جماعت احمدیہ کے ساتھ ملاقات تھی۔ میں آج تک جتنی بھی کمیونٹیز کے لیڈرز سے ملا ہوں اُن میں سے جماعت احمدیہ کے امام سب سے زیادہ شفیق اور نرم دل ہیں۔

☆ وفد کی ممبر Mai-Ly Thi Pham نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

جلسہ کے انتظامات بہت ہی حیران کُن تھے اور اس میں شمولیت میرے لئے ایک اعزاز کی بات ہے۔ میں نے یہاں پر عمومی طور پر مسلمانوں اور بالخصوص احمدی مسلمانوں کے بارہ میں بہت کچھ سیکھا ہے۔ جماعت احمدیہ کی بے لوث ہو کر خدمت کرنے کی تعلیم ہماری بدھ مت کی تعلیم جیسی ہے۔ جماعت احمدیہ اور بُدھ مت کے درمیان مشابہتیں دیکھ کر لگتا ہے کہ دنیا سمٹ سی گئی ہے اور فیملی بڑھتی جا رہی ہے۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔

☆ وفد کے ایک ممبر Wen Wah Chew نے کہا:۔ مہاتما بدھ اور جماعت احمدیہ کی تعلیمات کی بنیاد ایک جیسی چیزوں پر ہی ہے یعنی انسانی حقوق، پیار، محبت وفا اور ہمدردی۔ میں امام جماعت احمدیہ کا بھی خاص طور پر شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے اپنے نہایت قیمتی وقت میں سے ہمارے لئے وقت نکالا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جماعت احمدیہ کے خلیفہ بہت نرم دل، عاجز اور مقدس انسان ہیں۔

اسی طرح وفد کے تمام ممبران نے جماعت کے لئے نیک جذبات کا اظہار کیا اور اس وفد کے ہر ممبر نے جلسہ کے انتظامات کو سراہا اور حضور انور کا شکریہ ادا کیا۔

ملاقات کے آخر پر وفد کے ممبران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔ یہ ملاقات ساڑھے آٹھ بجے تک جاری رہی۔